سوال

(64)وضو کے بعد دعا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

وضو کے بعد یہ دعا پڑھی جاتی ہے :

"اللّٰهُمَّ اجْعَلْنِي مِنَ التَّوَّابِينَ ، واجْعَلْنِي مِنَ الْمُتَطَهِّرِينَ "

"امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے مضطرب فرمایا ہے لیکن بعض علماء کے بقول یہ روایت اپنے متابعات (یا شواہد) کی بنا پر مقبول ہے ۔ اس پر کچھ روشنی ڈالیں ۔ (ابو حمید الساعدی الرفیقی ۔ لاہور)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

دعاء الوضوء کے مذکورہ بالا الفاظ سنن ترمذی (حدیث 55) میں ہیں ۔ یہ روایت انقطاع وغیرہ کی وجہ سے ضعیف ہے ۔ المعجم الاوسط للطبرانی اور المعجم الکبیر میں اس کا ایک ضعیف شاہد بھی ہے ۔ دیکھئے مجمع الزوائد (ج 1 ص 239) اس روایت پر تفصیلی تحقیق کے لیے دیکھئے سنن ترمذی ج 79 تا 83 بتحقیق الاستاد احمد محمد شاکر رحمۃ اللہ علیہ (الحدیث : 9)

(شہادت ، اکتوبر 1999ء)

هذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمیہ

جلد 1 ۔ کتاب العقائد ۔ صفحہ 215

محدث فتویٰ